**MILITARY LANDS & CANTONMENTS DEPARTMENT**
**CANTONMENT BOARD PESHAWAR**
UAN: 111-123-CBP (227), Fax No:+92-91-9212799
5-Capt. Abdul Jalil Shaheed Road Peshawar Cantt

No. 28/2/Media Cell/ 2025/55140 Dated 12 May, 2026

Fasttrack communication Pvt Ltd
H#445-A, Main Service Road,
F-11/1 Islamabad.

The Deputy Director (M&IMP), PPRA,
1st Floor, FBC Building, Near State Bank, Sector G-5/2,
Islamabad. (For uploading on PPRA Web Site)

Subject: - **PUBLICATION OF NOTICE:**

Reference: Govt of Pakistan, Min of Info & Broadcasting PID letter No. F.No.15 (35)/2017-Advt dated 7th may 2024

Please arrange the publication of attached advertisement notice in the following news paper(s) and according to the following requirements: -

| Sr | Name of Newspaper(s) | Date of Publication | Language | No. of Insertion | Size |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | Daily | /05/2026 | Urdu/ English | ONE (Inner Page) | Minimum |
| 2. | Daily | /05/2026 | -do- | -do- | -do- |

2. It is requested that the notice may be published in the above newspapers as these are widely read as a result thereof the desired purpose can be achieved. The publication of notice in the newspapers other than specified above cannot achieve the desired purpose, as such; you are requested to please do not change the newspapers for publication of the notice.

3. As funds are only available to meet the cost of advertisement to the extent of requirement specified above, the undersigned will not accept the claim received over and above the given requirement. You are, therefore, requested to please strictly adhere to the specified requirement.

4. It is certified that necessary funds within the sanctioned Budget/Grant are available to meet the entire cost of advertisement only for the above newspapers, as such above advertisement may please be got published in above daily newspapers only. The bill may please be forwarded to the undersigned for payment in due course of time.

5. You are also requested to provide advertisement clippings of above said newspapers to this office well in time.

**Encl:** Please upload the attached advertisement (Tender/Quotation) at PPRA website alongwith advance cheque No. 1845127269 dated 12/5/2026 amounting to Rs. 15000 as tender uploading fee.

**Encl:** (Advertisement)

Encl: **(As above)**

**Cantonment Executive Officer**
**Peshawar**

Copy to: -
1. The Accounts Branch, CB Psc
2. Incharge Media Cell - (To upload the advt. on CBP website)

زیادہ تاخیر کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائے گا۔ اور مذکورہ پارکنگ سٹینڈ کا قبضہ کنٹونمنٹ بورڈ پشاور کا عملہ حاصل کرنے کا مجاز ہو گا جس کی تمام تر ذمہ داری ٹھیکیدار پر
ہو گیا در بولی دھندہ / ٹھیکیدار کی جانب سے کوئی عذر قبل قبول نہ ہو گا۔

از دفتر کنٹونمنٹ بورڈ پشاور چھاؤنی

نیلام عام برائے پارکنگ اسٹینڈز کنٹونمنٹ بورڈ پشاور

عوام الناس اور تمام کاروباری حضرات خصوصاً ٹھیکیداران پارکنگ اسٹینڈز کے لئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ پشاور مندرجہ ذیل پارکنگ اسٹینڈز کے حقوق وصولی پارکنگ فیس کی نیلامی عرصہ / مدت (03) تین سال مورخہ 15 اگست 2026 تا 14 اگست 2029 تک کے لئے مورخہ 02 جون، 2026، بروز منگل بوقت 11 بجے دن دفتر کنٹونمنٹ بورڈ پشاور چھاؤنی منعقد کر رہا ہے جسکی تفصیل درج ذیل ہے۔

شرائط نیلامی:۔

| سیریل نمبر | تفصیل پارکنگ سٹینڈ | زرضمانت |
|---|---|---|
| 1 | حکیم اللہ جان روڈ | 10 لاکھ روپے |
| 2 | ایکسائز آفس | 05 لاکھ روپے |
| 3 | ڈیگری گارڈن | 30 لاکھ روپے |
| 4 | شفیع مارکیٹ | 20 لاکھ روپے |
| 5 | اسلامیہ روڈ | 01 لاکھ روپے |
| 6 | جانس بیکر | 01 لاکھ روپے |
| 7 | بیسمینٹ کینٹ مال | 01 لاکھ روپے |
| 8 | سائیکل منڈی | 01 لاکھ روپے |
| 9 | بیسمنٹ نمبر پلیٹ پلازہ | 02 لاکھ روپے |
| 10 | بیسمنٹ کمرشل کمپلیکس | 01 لاکھ روپے |
| 11 | بیک سائڈ گرین شادی ہال | 02 لاکھ روپے |

1 معاہدے کی مدت عرصہ 03 سال ہو گی (15-08-2026 to 14-08-2029)

2 ہر بولی دہندہ کو بولی دینے سے قبل اوپر تفصیل شدہ کال ڈیپازٹ کسی بھی بینک سے بحق کینٹ بورڈ ایگزیکٹو آفیسر پشاور اور بمعہ شناختی کارڈ کی کاپی / رجسٹریشن / این ٹی این سرٹیفکیٹ جمع کرنا لازمی ہو گی جو کہ مع سوائے کے $1^{st}$ Highest Bidder and $2^{nd}$ Highest Bidder کے علاوہ باقی سب کو واپس کر دی جائے گی۔

3 بولی میں شامل ہونے والے خواہش مند حضرات تاریخ نیلامی سے 2 دن قبل اپنی کال ڈیپازٹ جمع کروانے کے پابند ہونگے تاکہ دفتر کنٹونمنٹ بورڈ پشاور مذکورہ جمع شدہ کال ڈپازٹ کی verification متعلقہ بینکس سے کروا سکے۔ تاریخ نیلامی والے دن کسی کی بھی کال ڈپازٹ وصول نہ کی جائے گی۔

4 کامیاب بولی دہندہ بولی کی رقم کا ½ حصہ موقع پر ہی جمع کروانے کا پابند ہو گا اور مذکورہ رقم بولی کا ½ حصہ ٹھیکے کی آخری اقساط میں ایڈجسٹ کیا جائے گا۔

5 کامیاب بولی دہندہ اگر بحساب شرائط نیلامی بولی کی رقم کا 4/1 حصہ جمع کروانے میں ناکام رہتا ہے تو اس کی کال ڈپازٹ بحق کینٹونمنٹ بورڈ پشاور ضبط کر لی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا اور اگر کنٹونمنٹ بورڈ پشاور $2^{nd}$ Highest Bidder کی آفر کو مارکیٹ ویلیوں کے حساب سے مناسب خیال کرتا ہے تو 2nd Highest Bidder اپنی آفر کا 4/1 حصہ جمع کروانے کا پابند ہو گا بصورت دیگر $2^{nd}$ Highest Bidder کی بھی کال ڈپازٹ بحق کینٹونمنٹ بورڈ پشاور ضبط کر لی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا۔

6 بولی ایک سال کے لیے کی جائے گی جس پر ہر اگلے سال کے لیے 10% اضافہ کیا جائے گا۔

7 کامیاب بولی دہندہ بولی کی رقم اقساط کے صورت میں ہر ماہ کی 5 تاریخ سے قبل ایڈوانس جمع کروانے کا پابند ہو گا۔

8 کامیاب بولی دہندہ مکمل ٹھیکہ برائے پاکنگ فیس عرصہ 03 سال کا چیک بمع سٹامپ پیپر بحق کنٹونمنٹ ایگزیکیٹو آفیسر پشاور کنٹونمنٹ جمع کروانے کا پابند ہو گا۔ اگر کامیاب بولی دہندہ خوش اسلوبی اور نیلامی کی شرائط کے مطابق اپنا مدت معاہدہ / ٹھیکہ کی تکمیل کرتا ہے تو مدت معاہدہ / ٹھیکہ کے اختتام پر اس کو مذکورہ چیک اور سٹامپ پیپر واپس کر دیا جائے گا۔

9 کامیاب بولی دہندہ بعد از حتمی منظوری مجاز آفیسر اندریں 7 یوم اپنے اخراجات پر معاہدہ پارکنگ فیس وصول کی تکمیل کروانے کا پابند ہو گا۔

10 کامیاب بولی دہندہ بولی کی رقم پر انکم ٹیکس گورنمنٹ شیڈول کے مطابق بولی کی بعد از حتمی منظوری مجاز آفیسر کے اندری 07 یوم جمع کروانے کا پابند ہو گا۔

11 اگر کامیاب بولی دہندہ ہر ماہ کی 05 تاریخ سے قبل اپنے واجبات کی قسط جمع کروانے میں ناکام رہتا ہے تو -/5000 یومیہ جرمانہ جمع کروانے کا پابند ہو گا۔ اور مسلسل 10 یوم سے زیادہ تاخیر کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائے گا۔ اور مذکورہ پارکنگ سٹینڈ کا قبضہ کنٹونمنٹ بورڈ پشاور کا عملہ حاصل کرنے کا مجاز ہو گا جس کی تمام تر ذمہ داری ٹھیکیدار پر ہو گی اور بولی دہندہ / ٹھیکیدار کی جانب سے کوئی عذر قبل قبول نہ ہو گا۔

12 ٹھیکیدار درج ذیل شرح سے پارکنگ فیس وصول کرنے کا مجاز ہو گا۔

| سیریل نمبر | تفصیل | فیس |
|---|---|---|
| 1 | کار | 100روپے |
| 2 | موٹر سائیکل | 50روپے |

13 کامیاب ٹھیکیدار کنٹونمنٹ بورڈ کی طرف سے منظور شدہ ریٹس کے مطابق ٹوکن / ٹکٹ پر ریٹ واضح طور پر لکھنے کا پابند ہو گا نیز ٹھیکیدار پرچی کا نمونہ ٹھیکہ منظور ہونے کے 07 یوم کے اندر اندر جمع کروا کر کنٹونمنٹ بورڈ سے منظور کروائے گا جس پر واضح کنٹونمنٹ بورڈ کی اسٹیمپ لگی ہو گی۔ کامیاب بولی دہندہ پارکنگ سٹینڈ کے باہر پارکنگ نرخ نامہ کے بورڈ آویزاں کرے گا۔ اور چار جنگ کی صورت میں ہر اور چار جنگ پر 10 ہزار روپے جرمانہ وصول کیا جائے گا اور مسلسل 5 بار اور چار جنگ کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائے گا۔ اور اس کی تمام تر ذمہ داری ٹھیکدار پر ہو گی۔

14 ملک میں کسی قسم کی وباہ یا ناگہانی حالات کی صورت میں اگر حکومت پاکستان یا کنٹونمنٹ بورڈ پشاور کی جانب سے تحریری حکم نامے کے ذریعے ٹھیکدار / کامیاب بولی دہندہ کو پارکنگ سٹینڈ بند کرنے کا کہا جائے گا تو ٹھیکدار ان احکامات پر عمل کرنے کا پابند ہو گا ایسی بندیش کی صورت میں مقررہ دنوں کی اقساط کی رقم کے بارے میں رعایت / معافی کا اختیار کنٹونمنٹ بورڈ پشاور کو ہو گا اس سلسلے میں کنٹونمنٹ بورڈ پشاور جو بھی فیصلہ کرے گا ٹھیکدار اس فیصلے کو قبول کرنے کا پابند ہو گا۔

15 کامیاب بولی دھندہ کو کسی بھی قسمکے NOC متعلقہ محکموں سے اپنے خرچے پر لینے ہونگے جس کی تمام تر ذمہ دار متعلقہ ٹھیکیدار کی ہو گی اور کنٹونمنٹ بورڈ اس ضمن میں کسی قسم کا ذمہ دار تصور نہ ہو گا۔

16 سیکورٹی حالات کی وجہ سے کنٹونمنٹ بورڈ کسی بھی قسم کے نقصان کا ذمہ دار نہ ہو گا۔

17 کنٹونمنٹ بورڈ یا ریاست پاکستان کے کسی بھی صوبائی یا وفاقی ادارے کا نادہندہ بولی میں حصہ لینے کا مجاز نہ ہو گا۔

18 کامیاب بولی دہندہ کنٹونمنٹ بورڈ پشاور کی منظوری کے بغیر ٹھیکہ سب لٹ / ٹرانسفر کرنے کا مجاز نہ ہو گا۔

19 کامیاب بولی دہندہ کوئی غیر ملکی / غیر رجسٹرڈ / افغانی باشندہ مزدور یا ملازم رکھنے کا مجاز نہ ہو گا۔

20 زیر دستخطی کو اختیار حاصل ہو گا کہ وہ بغیر وجہ بتائے ٹھیکہ منظور یا مسترد کر دے (بحوالہ PPRA Rule 33(1) 2004)

21 کامیاب بولی دہندہ اور کنٹونمنٹ بورڈ پشاور کے درمیان کسی قسم کی تنازعہ کی صورت میں دونوں فریقین ثالسی کے لئے DML&C پشاور سے رجوع کریں گے DML&C پشاور کا فیصلہ حتمی تصور ہو گا اور دونوں فریقین مذکورہ فیصلے کو قبول کرنے کے پابند ہوں گے۔

22 زیر دستخطی کو اختیار حاصل ہو گا کہ بولی کی حتمی منظوری سے قبل اگر کوئی شخص یا پارٹی اس ٹھیکے کی کاؤنٹر بڈ لگاتی ہے تو زیر دستخطی اس کاؤنٹر بڈ کو قانونی تقاضے کے مطابق منظور یا مسترد کر سکتا ہے۔

23 اگر کم از کم 03 عدد فرمز / افراد مذکورہ تمام 11 عدد پارکنگ اسٹینڈز کی اکھٹی بولی دے گی تو اُس کو ترجیح دی جائے گی بشرطِ کہ وہ فرم یا فرد 74 لاکھ روپے کی کال ڈیپازٹ بحق کنٹونمنٹ ایگزیکیٹو آفیسر پشاور جمع کرواتی ہے۔ بصورتِ دیگر ہر پارکنگ سٹینڈ کی نیلامی الگ الگ بالترتیب سیریل نمبر کے مطابق ہو گی۔

24 کنٹونمنٹ بورڈ پشاور مذکورہ پارکنگ اسٹینڈ کی نیلامی قانون کے مطابق کر رہا ہے لیکن لاء اینڈ آرڈر کے معاملات کو بولی دھندہ خود نمٹائے / سنبھالے گا۔

25 کوئی بھی پارکنگ سٹینڈ / سائیڈ کسی بھی کینٹ بورڈ پروجیکٹ سے متاثر ہونے کی صورت میں ٹھیکیدار کو متعلقہ پارکنگ سٹینڈ ایک ہی نوٹس پر خالی کرنا پڑے گا۔ جس کے بعد بقیہ عرصہ کا دونوں فریقین کے درمیان قانونی فہمید حساب کتاب کے بعد مذکورہ ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائے گا۔

26 مذکورہ شرائط میں کسی ایک شرط کی خلاف ورزی کرنے کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائے گا۔

27 کسی بھی وجہ سے بولی / نیلامی مقررہ تاریخ پر نہ ہوئی تو دوبارہ بولی / نیلامی مورخہ 03 جون، 2026 دن 11 بجے اور سہہ بار بولی / نیلامی مورخہ 04 جون، 2026 دن 11 بجے کو ہو گی۔

28 دوبارہ نیلامی یا سہہ بار نیلامی کی تاریخوں کیلئے کوئی نیا اشتہار نہیں دیا جائیگا۔

نوٹ: نیلامی کے متعلق دیگر شرائط دفتری اوقات کار کے دوران کینٹ بورڈ پشاور کی رینٹ برانچ سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

المشتہر:-

کنٹونمنٹ ایگزیکیٹو آفیسر

پشاور کینٹ